دورانِ اعتکاف کئے جانے والے وظائف، عوامل اور اذکار
کے بارے میں معلوماتی کتاب

معمولاتِ سُنّتہ الاعتکاف

مرتبہ
صاحبزادہ الحافظ القاری غلام محی الدین نجم سیالوی

جامع مسجد محمدیہ مدرسہ معین القران
عالمگیر پارک، نواں کوٹ، ملتان روڈ، نزد چوک نوناریاں، لاہور
فون موبائیل: 0300-4243847

علماء اہلسنت کی کتب PDF میں
حاصل کرنے کیلئے
تحقیقات چینل ٹیلیگرام جوائن
کریں
https://t.me/tehqiqat
گوگل سے ڈاؤن لوڈ کرنے لئے
https://
archive.org/details/
@zohaibhasanattari

طالب دعا زوہیب حسن عطاری

نام کتاب-------------------------معمولات سنۃ الاعتکاف

نام مرتّب----------------------صاحبزادہ الحافظ القاری غلام محی الدین نجم سیالوی

سرورق------------------------محمد جاوید رضا

صفحات-------------------------32

کمپوزنگ-----------------------القمر سیالوی کمپوزنگ سینٹر۔ عالمگیر پارک۔

اشاعت اوّل---﴿فوٹو اسٹیٹ مسودہ﴾-------ماہ رمضان المبارک 1410ھ

اشاعت دوئم-----------------------ماہ رمضان المبارک 1422ھ

اشاعت سوئم-----------------------ماہ رمضان المبارک 1424ھ

ہدیہ---------------------دُعائے خیر بحق معاونین واراکین بزم کونین

کتاب ملنے کا پتہ

جامع مسجد محمدیہ مدرسہ معین القرآن

عالمگیر پارک نوانکوٹ ملتان روڈ۔ لاہور

فون۔[illegible] موبائل: 0300-4243847

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

برادرانِ اسلام ------------------------ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

اللہ تبارک وتعالیٰ نے بندہ ناچیز کوکئی مرتبہ اعتکاف کا موقع عنایت فرمایا۔ اس دوران اور کئی دیگر مواقع پر میں نے محسوس کیا کہ اکثر احباب دورانِ اعتکاف نہ صرف اپنا بلکہ دوسروں کا قیمتی وقت بھی برباد کرتے ہیں۔ اور اپنے ان قیمتی لمحات کو اللہ تبارک وتعالیٰ کے ذکر میں صرف کرنے کے بجائے فضولیات اور لغویات میں مصروف رہتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ وہ اس مقصودِ اعتکاف ﴿تلاشِ لیلۃ القدر﴾ کو نہیں پاتے جس کے لئے وہ اپنا گھر بار چھوڑتے ہیں۔ اپنا سکھ چین اور سکون قربان کرتے ہیں۔ بعض دوست یہ کہتے ہیں کہ انہیں کسی نے بتایا ہی نہیں کہ!!!

1۔ اعتکاف کے کیا معمولات ہیں۔

2۔ پیارے مدنی کریم آقا ﷺ نے ان کو کیسے گزارا۔؟

3۔ معمولاتِ اعتکاف کے موضوع پر کوئی کتاب بازار میں میسر ہے یا کہ نہیں۔؟

ان تمام سوالات کا جواب دینے کیلئے میں نے آپ کے ہاتھوں میں موجود اس کتاب کو ماہِ رمضان المبارک **1422**ھ کو پہلی مرتبہ مگر حقیقتاً دوسری مرتبہ ﴿پہلی مرتبہ اس کتاب کا فوٹو اسٹیٹ مسودہ ماہِ رمضان المبارک **1410**ھ میں اپنے اولین اعتکاف میں صرف اپنے ساتھی معتکف احباب کی نظر کیا تھا﴾ اپنی اس سعی ناتواں میں، میں نے جن قابل صد احترام ہستیوں کی تصنیفات سے استفادہ کیا ان میں استاذی مکرم محترم المقام قبلہ شیخ الفقہ مفتی محمد خان قادری اور محترم المقام قبلہ مفتی محمد صدیق ہزاروی اور محترم جناب عالم فقری صاحبان کے علاوہ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلّیِ عَلیٰ رَسُوْلِهِ الْکَرِیْم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

برادرانِ اسلام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

اللہ تبارک وتعالیٰ نے بندہ ناچیز کو کئی مرتبہ اعتکاف کا موقع عنایت فرمایا۔ اس دوران اور کئی دیگر مواقع پر میں نے محسوس کیا کہ اکثر احباب دورانِ اعتکاف نہ صرف اپنا بلکہ دوسروں کا قیمتی وقت بھی برباد کرتے ہیں۔ اور اپنے ان قیمتی لمحات کو اللہ تبارک وتعالیٰ کے ذکر میں صرف کرنے کے بجائے فضولیات اور لغویات میں مصروف رہتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ وہ اس مقصودِ اعتکاف ﴿تلاشِ لیلة القدر﴾ کو نہیں پاتے جس کے لئے وہ اپنا گھربار چھوڑتے ہیں۔ اپنا سکھ چین اور سکون قربان کرتے ہیں۔ بعض دوست یہ کہتے ہیں کہ انہیں کسی نے بتایا ہی نہیں کہ!!!

1۔ اعتکاف کے کیا معمولات ہیں۔

2۔ پیارے مدنی کریم آقا ﷺ نے ان کو کیسے گزارا۔؟

3۔ معمولاتِ اعتکاف کے موضوع پر کوئی کتاب بازار میں میسر ہے یا کہ نہیں۔؟

ان تمام سوالات کا جواب دینے کیلئے میں نے آپ کے ہاتھوں میں موجود اس کتاب کو ماہِ رمضان المبارک **1422**ھ کو پہلی مرتبہ مگر حقیقتاً دوسری مرتبہ ﴿پہلی مرتبہ اس کتاب کا فوٹو اسٹیٹ مسودہ ماہِ رمضان المبارک **1410**ھ میں اپنے اولین اعتکاف میں صرف اپنے ساتھی معتکف احباب کی نظر کیا تھا﴾ اپنی اس سعی ناتواں میں، میں نے جن قابل صد احترام ہستیوں کی تصنیفات سے استفادہ کیا ان میں استاذی مکرم محترم المقام قبلہ شیخ الفقہ مفتی محمد خان قادری اور محترم المقام قبلہ مفتی محمد صدیق ہزاروی اور محترم جناب عالم فقری صاحبان کے علاوہ

دیگر مصنفین گرامی قدر شامل ہیں۔ میری اس کاوش کو نہ صرف احباب علم وفن نے داد دی بلکہ مجھے اپنے نہایت قیمتی مشوروں سے بھی نوازا۔ لہذا میں ایک مرتبہ پھر میں اپنی اس کاوش کو پہلے سے بہترین انداز میں کو آپکے ہاتھوں کی زینت بنانے کیلئے مصروفِ عمل ہو گیا۔ مجھے اپنی اس کاوش کا اپنے پروردگار عالم کی جناب سے یہ انعام مل رہا ہے کہ اس بار ماہِ رمضان المبارک **1424** ھ بمطابق نومبر **2003** ء میں ایک بار پھر مجھے بھی آپکے ساتھ ساتھ اعتکاف کی سعادت نصیب ہو رہی ہے۔ اس پر میں اپنے اللہ تعالیٰ کا جتنا بھی شکر کروں کم ہے۔ کیونکہ

ع ایں سعادت بزور بازو نیست

مجھے اللہ تعالیٰ کی کرم نوازی سے کامل یقین ہے کہ اس کتاب کی موجودگی کی صورت میں آپ پہلے کی نسبت اب بہترین انداز میں اپنے معمولاتِ اعتکاف کو ادا کر سکیں گے۔ اور آپ کو اعتکاف کے یہ قیمتی لمحات سنتِ نبوی ﷺ اور بزرگانِ دین کی حیاتِ طیبہ کے مطابق بسر کرنے کا موقع ملے گا۔ میری آپ سے صرف اتنی التجا ہے کہ خدارا!!!

اپنے ان لمحات کو قربِ الٰہی کے حصول کا ذریعہ بنائیے اور فارغ وقت میں کلمہ طیبہ اور درود پاک کا وظیفہ کثرت سے کریں۔ کم از کم ایک لاکھ مرتبہ دونوں وظائف کرنے کی کوشش ضرور کریں۔ قرب الٰہی کے ان لمحات میں مجھے، میرے ساتھی اراکین بزم کونین، ہمارے والدین اور معاونین بزم کو اپنی دُعاؤں اور التجاؤں میں ہمیشہ یاد رکھیں۔

اللہ تعالیٰ ہماری اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور ہم سب کو اپنی باقی ماندہ زندگی میں اعمال صالحہ کی توفیق عنایت فرمائے۔ (آمین ثم آمین)

اس کتاب کو آپ تک پہنچانے میں مجھے اپنے کرم فرما احباب برادرم جناب حافظ قاری محمد نعیم الدین سیالوی، برادرم جناب حافظ قاری محمد ضیاء الدین سیالوی، برادرم جناب حافظ قاری

محمد اسحاق، برادرم جناب محمد ظہیر قریشی، جناب محمد رضا جاوید، جناب حاجی محبوب عالم بٹ، محمد طارق حسین اور محمد احسن بشیر ﴿ وینزیا پروڈکس والے ﴾ صاحبان کا خصوصی اور پر خلوص تعاون حاصل رہا۔

آخر میں میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان تمام احبابِ گرامی قدر کو دارین سعادتیں نصیب فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

دُعا گو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

گدائے پیر سیال لجپالؒ

صاحبزادہ الحافظ القاری غلام محی الدین نجم سیالوی

بانی وناظم اعلیٰ۔۔۔۔**بزم کونین**۔پاکستان

﴿برائے ایصال و ثواب﴾

☆۔جناب استاذُ القراء جناب **قاری محمد فضل الدین** سیالویؒ

﴿بانی مسجدومدرسہ ھذا﴾

☆۔جناب **حاجی محمد بشیر** (مرحوم)

(والدگرامی **محمد احسن بشیر** وینزیا کاسمیٹکس بنانے والے)

فون: 7466058

☆۔اھم بات۔

☆۔سب سے پہلے جاننا چاہئے کہ اعتکاف کیا ہے۔؟

عبادت کی نیت سے اللہ تعالیٰ کیلئے مسجد میں ٹھہرنے کو اعتکاف کہتے ہیں۔اعتکاف کی درجِ ذیل تین اقسام ہیں۔

☆۔سنت اعتکاف ☆۔واجب اعتکاف ☆۔مستحب اعتکاف

☆۔نوٹ۔ سنت اور واجب اعتکاف کیلئے روزہ شرط ہے۔واجب اعتکاف منت وغیرہ کے پورا ہونے پر کیا جاتا ہے۔آپ جو اعتکاف کر رہے ہیں وہ سنت اعتکاف ہے۔مدنی کریم آقاﷺ نے اپنی ظاہری حیات میں ہر سال ماہ رمضان کے آخری عشرہ میں دس روزہ اعتکاف فرمایا۔جبکہ آخری مرتبہ بیس دن اعتکاف فرمایا۔

☆۔**نیت اعتکاف۔نَوَیْتُ سُنَّۃَ الِاعْتِکَافُ** ﴿میں سنت اعتکاف کی نیت کرتا ہوں﴾

خوش نصیب ہیں وہ دوست احباب جو مدنی کریم آقاﷺ کی اس سنت کو تازہ کرتے ہیں اور سو شہیدوں کا ثواب پاتے ہیں ۔معتکف کیلئے ضروری ہے کہ وہ جس جامع مسجد میں اعتکاف کرنا چاہتا ہے وہاں اپنے چند ضروری لوازمات کے ساتھ **20** رمضان المبارک کو غروبِ آفتاب سے قبل پہنچ جائے۔

☆۔قرآنِ پاک اور چند دینی کتب ☆۔تسبیح،ٹوپی،رومال ☆۔قلم اور کاپی

☆۔ایک عدد سوٹ ☆۔تولیہ،صابن،مسواک ☆۔بستر

☆۔نوٹ۔ خواتین اپنے گھر میں اس مقام پر پہنچ جائیں جہاں وہ اکثر نماز ادا کرتی

ہیں۔بہتر ہے کہ وہ اس مقام پر معتکف ہوں جہاں دیگر اہل خانہ کم آتے ہوں تا کہ انہیں معمولاتِ اعتکاف میں مکمل یکسوئی حاصل ہو۔اب آپ معتکف بن چکے ہیں۔آپ پر وہ تمام پابندیاں لاگو ہوچکیں جو ایک معتکف کیلئے ضروری اور لازمی ہیں۔جن کے بارے میں تفصیلاً آپ اپنی مسجد کے امام وخطیب سے پوچھ سکتے ہیں یا دینی کتب کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔

☆ نوٹ: اس کتاب کو ماہ رمضان المبارک **1424** ھ کے آخری عشرہ کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔مگر یہ کتاب ایسے تمام لوگوں کو بھی فائدہ دے گی جو آنے والے سالوں میں اعتکاف کریں گے۔لہذا میری آپ سے التماس ہے کہ اس کتاب کو آپ ایک قیمتی دستاویز کی طرح بحفاظت رکھیں۔تا کہ آنے والے سالوں میں یہ نہ صرف آپ بلکہ آپ کے دیگر احباب کے لئے فائدہ مند ہو۔اس طرح اس نیک کام میں آپ بھی ہمارے ساتھ شامل ہو سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔﴿آمین ثم آمین﴾

دُعاؤں کے طالب

اراکین **بزم کونین**۔پاکستان

20، رمضان المبارک

☆ ۔دو رکعت نماز نفل **تحیۃ الوضو** ﴿اعضائے وضو خشک ہونے سے قبل﴾ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الکافرون اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پڑھیں۔

﴿جب بھی وضو کریں تو اعضائے وضو کے خشک ہونے سے قبل ان نوافل کو ادا کریں﴾

☆ ۔دو رکعت نماز **تحیۃ المسجد** ﴿مسجد میں داخلہ پر بطور شکرانہ﴾ ادا فرمائیں۔

☆ ۔افطاری اور نمازِ مغرب کی ادائیگی۔ درودِ پاک ﴿ایک سو بار﴾

☆ ۔نوافل اوابین چھ رکعت۔ بعد ازاں کھانا تناول فرمائیں۔

☆ ۔درجِ ذیل عوامل کریں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم ﴿سو مرتبہ﴾

یَاعَزِیْزُ یَاجَبَّارُ ﴿سو مرتبہ﴾ یَارَحِیْمُ یَاکَرِیْمُ ﴿سو مرتبہ﴾

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ کا ورد حسب وقت کریں۔

☆ ۔ادائیگی نمازِ عشاء وتراویح۔ بعد ازاں اگر آپکی مسجد میں محفل شبینہ ہے تو اس میں شرکت کریں ورنہ درجِ ذیل عوامل کو بجالائیں۔

☆ ۔تلاوت کلام پاک۔ سورۃ البقر کا آخری رکوع، سورہ فتح، سورہ ملک اور سورہ مزمل ایک، ایک بار اور سورہ قدر اکیس مرتبہ پڑھیں۔

☆ ۔صلوٰۃ التسبیح ﴿چار رکعت﴾ ادا فرمائیں۔

☆ ۔**خصوصی نوافل شب** ﴿**21**، ویں شب ماہ رمضان المبارک﴾ چار رکعت نفل ہیں۔ جو کہ (دو، دو کرکے) ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک، ایک بار سورہ قدر اور ایک ایک

بارسورہ اخلاص۔ بعدازسلام ستر (**70**) باردرود پاک پڑھے۔

☆۔کلمہ طیبہ اور درود پاک کا وظیفہ کثرت سے کریں۔

☆۔آرام کریں۔آخرشب بیدار ہوکر نوافل تہجد کی ادائیگی فرمائیں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔سورۃ الفاتحہ،سورہ واقعہ،سورہ رحمٰن اور سورہ جمعہ اور سورہ ضحیٰ۔

☆۔**لَااِلٰہَ اِلَّاھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْقَآئِمُ عَلیٰ کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ**

﴿آسمان کی طرف نظر اُٹھا کر بارہ مرتبہ پڑھیں﴾

☆۔سحری تناول فرمائیں۔اور اللہ تعالیٰ کا شکر بجالائیں۔

21،رمضان المبارک

☆۔تلاوت کلام پاک۔بعدازاں ادائیگی نمازِ فجر۔

☆۔درودِ پاک اور آیۃ الکریمہ کا ورد کریں۔

☆۔نوافل اشراق ﴿طلوع آفتاب کے کم ازکم بیس منٹ کے بعد﴾ ادا کریں۔

☆۔نوافل چاشت کم ازکم دو رکعت ادا فرمائیں۔

☆۔**خصوصی نوافل دن** ﴿پیر﴾ دو رکعت نفل۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی سورہ اخلاص،سورہ فلق اور سورہ الناس ایک،ایک بار پڑھیں۔بعدازسلام۔۔۔۔

اَسْتَغْفِرُاللّٰہ (دس بار) اور درود پاک دس بار پڑھ کر دُعا مانگیں۔پھر آرام کریں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔پہلا پارہ مکمل،سورہ مریم اور طٰہٰ

☆۔زوال کے کم ازکم بیس منٹ بعد **نوافل زوال** چار رکعت ﴿ایک سلام کے ساتھ﴾ ادا فرمائیں۔

☆۔جَزَی اللّٰہُ عَنَّاسَیِّدِنَامُحَمَّدًامَاھُوَاَھْلُہٗ ﴿حسب توفیق﴾ بعدازاں ادائیگی نمازِ ظہر۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔دوسراپارہ مکمل......یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ کاورد کریں ﴿حسب توفیق﴾

☆۔سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم ﴿سومرتبہ﴾

☆۔سُبْحَانَ اللّٰہِ ﴿سومرتبہ﴾ اَلْحَمْدُلِلّٰہ ﴿سومرتبہ﴾ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ﴿سومرتبہ﴾

☆۔کلمہ طیبہ کاورد کریں ﴿سومرتبہ﴾

☆۔تلاوت کلام پاک۔سورہ محمد،سورہ حجرات،سورہ نوح۔

☆۔افطاری کریں۔نمازِ مغرب کی ادائیگی کریں۔بعدازاں نوافل اوابین ادا کریں۔پھر کھانا تناول فرمائیں۔

☆۔درجِ ذیل عوامل کریں۔

اَشْھَدُاَن لَّااِلَہَ اِلا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ اِلَھًا وَّاحِدًااَحَدًاصَمَدًالَم یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَاوَلَدًاوَلَمْ یَکُن لَّہٗ کُفُوًااَحَدْ.

☆۔سُبْحَانَ اللّٰہِ ﴿سومرتبہ﴾ اَلْحَمْدُلِلّٰہ ﴿سومرتبہ﴾ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ﴿سومرتبہ﴾

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوتُحِبُّ الْعَفُوَفَاعْفُ عَنِّیْ کاورد حسب وقت کریں۔

☆۔کلمہ طیبہ کاورد کریں ﴿سومرتبہ﴾

☆۔تلاوت کلام پاک۔تیسراپارہ مکمل۔

☆۔ادائیگی نمازِ عشاء وتراویح۔بعدازاں اگر آپکی مسجد میں محفل شبینہ ہے تو اس میں شرکت کریں ورنہ درجِ ذیل عوامل کو بجالائیں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔چوتھاپارہ مکمل۔

☆۔کلمہ طیبہ اور درود پاک کاوظیفہ کثرت سے کریں۔

☆ ۔**خصوصی نوافل شب** ﴿پیر﴾ چار رکعت۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص دس بار، دوسری رکعت میں بیس بار، تیسری میں تیس بار اور چوتھی رکعت میں چالیس بار پڑھیں۔ بعد از سلام **75** مرتبہ سورہ اخلاص، اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ (**75** مرتبہ) اور درود پاک **75** مرتبہ پڑھ کر دُعا مانگیں۔

☆ ۔صلوٰۃ التسبیح ﴿چار رکعت﴾ ادا فرمائیں۔

☆ ۔آرام کریں۔ آخر شب بیدار ہو کر نوافل تہجد کی ادائیگی فرمائیں۔

☆ ۔لَااِلٰہَ اِلَّاھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْقَآئِمُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ

﴿آسمان کی طرف نظر اُٹھا کر بارہ مرتبہ پڑھیں﴾

☆ ۔تلاوت کلام پاک۔ پانچواں پارہ مکمل، سورۃ الفاتحہ، سورہ واقعہ، سورہ رحمٰن، سورہ جمعہ اور سورہ ضحیٰ۔ بعد ازاں سحری تناول فرمائیں۔ اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں۔

22، رمضان المبارک

☆ ۔تلاوت کلام پاک۔ سورہ آل عمران کا آخری رکوع، سورہ نجم، سورہ قمر۔ نمازِ فجر ادا فرمائیں۔

☆ ۔درودِ پاک اور آیۃ الکریمہ کا ورد کریں۔

☆ ۔نوافل اشراق ﴿طلوع آفتاب کے کم از کم بیس منٹ کے بعد﴾ ادا کریں۔

☆ ۔نوافل چاشت کم از کم دو رکعت ادا فرمائیں۔

☆ ۔**خصوصی نوافل دن** ﴿منگل۔ زوال سے قبل﴾ دس رکعت نفل۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار اور سورہ اخلاص تین بار پڑھیں اور پھر آرام کریں۔

☆ ۔زوال کے کم از کم بیس منٹ بعد **نوافل زوال** چار رکعت ادا فرمائیں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔ چھٹا پارہ مکمل، بعد ازاں درودِ پاک کا کثرت سے ورد کریں۔

☆۔ادائیگی نمازِ ظہر۔ پھر درج ذیل وظائف کریں۔

☆۔سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْم ﴿سو مرتبہ﴾

☆۔يَاعَزِيْزُيَااللّٰه ﴿سو مرتبہ﴾ يَا كَرِيْمُ يَااللّٰه ﴿سو مرتبہ﴾

☆۔يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ﴿سو مرتبہ﴾

☆۔تلاوت کلام پاک۔ ساتواں پارہ مکمل، سورۃ یٰس، سورہ ص، سورہ ملک، سورہ جن۔

☆۔نمازِ عصر ادا فرمائیں۔ درودِ پاک اور آیۃ الکریمہ کا ورد کریں۔

☆۔افطاری کریں۔ نمازِ مغرب کی ادائیگی کریں۔ بعد ازاں نوافل اوابین ادا کریں۔ پھر کھانا تناول فرمائیں۔

سورہ اخلاص ﴿سو مرتبہ﴾ تلاوت فرمائیں۔ درودِ پاک اور کلمہ طیبہ کا ورد کریں۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ کا ورد حسب وقت کریں۔

☆۔ادائیگی نمازِ عشاء وتراویح۔ بعد ازاں اگر آپکی مسجد میں محفل شبینہ ہے تو اس میں شرکت کریں ورنہ درجِ ذیل عوامل کو بجالائیں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔ آٹھواں پارہ مکمل۔

☆۔**خصوصی نوافل شب** ﴿23، ویں شب ماہ رمضان المبارک﴾

(چار رکعت۔ دو، دو کر کے) ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ قدر ایک بار اور سورہ اخلاص تین بار پڑھیں۔ بعد از سلام **70** مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

☆۔**خصوصی نوافل شب** ﴿منگل﴾ دو رکعت نفل۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص، سورہ فلق اور سورہ الناس **15**، **15** بار پڑھیں۔ بعد از سلام **15** بار آیۃ الکرسی

اور **15** بار درود پاک پڑھیں۔دُعائے خصوصی کریں۔پھر آرام کریں۔

☆۔آخر شب بیدار ہو کر نوافل تہجد کی ادائیگی فرمائیں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔نواں پارہ مکمل،سورہ یوسف اور سورہ جاسیہ۔

☆۔لَااِلٰہَ اِلَّاھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّومُ الْقَآئِمُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ

﴿آسمان کی طرف نظر اُٹھا کر بارہ مرتبہ پڑھیں﴾

☆۔سحری تناول فرمائیں۔اور اللہ تعالیٰ کا شکر بجالائیں۔

23، رمضان المبارک

☆۔درودِ پاک اور آیۃ الکریمہ کا ورد کریں۔نمازِ فجر ادا فرمائیں۔

☆۔درودِ پاک اور آیۃ الکریمہ کا ورد کریں۔

☆۔نوافل اشراق ادا کریں۔ ☆۔نوافل چاشت کم از کم دو رکعت ادا فرمائیں۔

☆۔**خصوصی نوافل دن** ﴿بدھ۔چاشت کے فوراً بعد﴾ بارہ رکعت نفل ہیں۔ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد کے آیۃ الکرسی ایک بار،سورہ اخلاص،سورہ فلق اور سورہ الناس تین تین بار پڑھیں۔

☆۔زوال کے کم از کم بیس منٹ بعد **نوافل زوال** چار رکعت ادا فرمائیں۔

☆۔ادائیگی نمازِ ظہر۔پھر درجِ ذیل وظائف کریں۔

تلاوت کلام پاک۔سورہ اخلاص (دس بار) سورہ نوح ایک بار،سورہ مزمل ایک بار

یَاحَیُّ یَاقَیُّومُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ﴿سو مرتبہ﴾ یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ ﴿سو مرتبہ﴾

☆۔ادائیگی نمازِ عصر۔بعد ازاں یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ ......اور یَاحَیُّ یَاقَیُّوم کا ورد فرمائیں۔

☆۔درودِ پاک کا ورد کریں۔افطاری کریں۔نمازِ مغرب کی ادائیگی کریں۔بعد ازاں نوافل اوابین ادا کریں۔پھر کھانا تناول فرمائیں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔سورہ اخلاص (دس بار) سورہ فلق اور سورہ الناس چار، چار مرتبہ پڑھیں۔

☆۔اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌ تُحِبُّ الْعَفُوَ فَاعْفُ عَنِّیْ کا ورد حسب وقت کریں۔

☆۔ادائیگی نمازِ عشاء وتراویح۔بعد ازاں اگر آپکی مسجد میں محفل شبینہ ہے تو اس میں شرکت کریں ورنہ درجِ ذیل عوامل کو بجالائیں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔دسواں، گیارھواں اور بارھواں پارہ مکمل۔

☆۔خصوصی نوافل شب ﴿بدھ﴾ دو رکعت ہیں۔پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ فلق دس بار اور دوسری رکعت سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الناس دس بار پڑھیں۔

☆۔آرام کریں۔آخر شب بیدار ہو کر نوافل تہجد کی ادائیگی فرمائیں۔

☆۔لَااِلٰہَ اِلَّاھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْقَآئِمُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ

﴿آسمان کی طرف نظر اُٹھا کر بارہ مرتبہ پڑھیں﴾

☆۔تلاوت کلام پاک۔بعد ازاں سحری تناول فرمائیں۔اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کریں۔

24، رمضان المبارک

☆۔تلاوت کلام پاک، ذکر واذکار اور ادائیگی نمازِ فجر۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔سورہ طٰہٰ، سورہ یٰسٓ، سورہ فتح، سورہ رحمٰن، سورہ فلق اور سورہ الناس ایک ایک بار جبکہ سورہ الفاتحہ اکیس مرتبہ پڑھیں۔

☆۔نوافل اشراق ادا کریں۔ ☆۔نوافل چاشت کم از کم دو رکعت ادا فرمائیں۔آرام کریں۔

☆۔زوال کے کم از کم بیس منٹ بعد **نوافل زوال** چار رکعت ادا فرمائیں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔تیرھواں اور چودھواں پارہ مکمل۔

☆۔ادائیگی نمازِ ظہر۔پھر درجِ ذیل وظائف کریں۔

تلاوت کلام پاک۔سورہ اخلاص (دس بار) سورہ نوح ایک بار، سورہ فلق اور الناس تین، تین بار پڑھیں۔

☆۔**خصوصی نوافل دن** ﴿جمعرات﴾ دو رکعت ہیں۔پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک سو بار، اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص ایک سو بار پڑھیں۔بعد از سلام مدنی کریم آقا ﷺ کی بارگاہِ عالی جناب میں ایک سو مرتبہ ہدیہ درود و سلام پیش کریں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔پندرھواں اور سولھواں پارہ مکمل۔

☆۔ادائیگی نمازِ عصر۔بعد ازاں یایَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ ...... اور درودِ پاک کا ورد فرمائیں۔

☆۔افطاری کریں۔نمازِ مغرب کی ادائیگی کریں۔بعد ازاں نوافل اوابین ادا کریں۔

☆۔اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ کا ورد حسب وقت کریں۔

☆۔**خصوصی نوافل شب** ﴿جمعرات﴾ دو رکعت ہیں۔ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پانچ مرتبہ آیۃ الکرسی ، پانچ مرتبہ سورہ اخلاص اور سورہ فلق اور الناس ایک ایک بار پڑھیں۔بعد از سلام **15** بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ پڑھیں اور اسکا ثواب اپنے والدین کو پہنچائیں۔بعد ازاں دُعائے خصوصی کریں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔سورہ اخلاص (دس بار)، سورہ فلق اور الناس تین، تین بار پڑھیں۔اور پھر کھانا تناول فرمائیں۔

☆۔ادائیگی نمازِ عشاء وتراویح۔بعدازاں اگر آپکی مسجد میں محفل شبینہ ہے تو اس میں شرکت کریں ورنہ درجِ ذیل عوامل کو بجالائیں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔ستارھواں اور اٹھارہواں پارہ مکمل۔

☆۔**خصوصی نوافل شب** ﴿25،ویں شب ماہ رمضان المبارک﴾ چار رکعت ہیں۔ (دوسلام کے ساتھ) ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ قدر ایک بار اور سورہ اخلاص پانچ مرتبہ پڑھیں۔دُعائے خیر کریں۔

☆۔آرام کریں۔آخرشب بیدار ہوکر نوافل تہجد کی ادائیگی فرمائیں۔

☆۔درودِ پاک کا بکثرت ورد فرمائیں۔اور دارین کی سعادتیں حاصل کریں۔

☆۔**لَااِلٰهَ اِلَّاھُوَالْحَیُّ الْقَیُّومُ الْقَآئِمُ عَلیٰ کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ**

﴿آسمان کی طرف نظر اُٹھا کر بارہ مرتبہ پڑھیں﴾

☆۔بعدازاں سحری تناول فرمائیں۔اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر کریں۔

25،رمضان المبارک

☆۔درودِ پاک اور آیۃ الکریمہ کا ورد کریں۔نمازِ فجر ادا فرمائیں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔سورہ اخلاص (دس بار)،سورہ فلق اور الناس تین،تین بار پڑھیں۔

☆۔سورہ حشر کی آخری تین آیات تین بار اور سورہ فاتحہ اکیس بار پڑھیں۔

☆۔**سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْم**﴿سومرتبہ﴾

☆۔نوافل اشراق اور نوافل چاشت کم از کم دو،دو رکعت ادا فرمائیں۔آرام کریں۔

☆۔زوال کے کم از کم بیس منٹ بعد **نوافل زوال** چار رکعت ادا فرمائیں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔انیسواں اور بیسواں پارہ مکمل۔

☆۔ادائیگی نمازِ ظہر۔پھر درجِ ذیل وظائف کریں۔

تلاوت کلام پاک۔سورہ اخلاص (دس بار) سورہ نوح، سورہ فلق اور الناس ایک ایک بار پڑھیں۔اکیسواں اور بائیسواں پارہ مکمل۔

☆۔**خصوصی نوافل دن** ﴿جمعۃ المبارک۔بعداز نمازِ جمعہ﴾ دو رکعت ہیں۔پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار اور سورہ فلق پچیس بار، دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار، سورہ اخلاص ایک بار اور سورہ فلق بیس مرتبہ۔بعداز سلام لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰه (حسب حال) پڑھیں۔

☆۔ادائیگی نمازِ عصر۔بعدازاں یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ ......اور درودِ پاک کا ورد فرمائیں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔سورہ اخلاص (دس بار) سورہ حشر کی آخری تین آیات تین مرتبہ، سورہ فلق اور الناس ایک ایک بار پڑھیں۔

☆۔افطاری کریں۔نمازِ مغرب کی ادائیگی کریں۔بعدازاں نوافل اوابین ادا کریں۔

☆۔سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْم ﴿سو مرتبہ﴾

☆۔اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ کا ورد حسب وقت کریں۔

☆۔**خصوصی نوافل شب** ﴿جمعۃ المبارک۔بعداز نمازِ مغرب﴾ بارہ رکعت ہیں۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص دس مرتبہ پڑھیں۔

☆۔مدنی کریم آقا ﷺ کا تصور کر کے درودِ پاک کا ورد کریں۔

☆۔ادائیگی نمازِ عشاء و تراویح۔بعدازاں اگر آپکی مسجد میں محفل شبینہ ہے تو اس میں شرکت کریں ورنہ درجِ ذیل عوامل کو بجالائیں۔

☆ ۔تلاوت کلام پاک ۔تیئسواں پارہ مکمل۔سورہ دخان،سورہ واقعہ،سورہ ملک ایک ایک بار پڑھیں۔

☆ ۔آرام کریں۔آخرشب بیدار ہوکرنوافل تہجد کی ادائیگی فرمائیں۔

☆ ۔اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّار کاحسب حال ورد کریں۔نیز توبہ استغفار کریں۔

☆ ۔درودِپاک کا بکثرت وردفرمائیں۔اوردارین کی سعادتیں حاصل کریں۔

☆ ۔لَااِلٰہَ اِلَّاھُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْقَآئِمُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَاکَسَبَتْ

﴿آسمان کی طرف نظر اُٹھاکر بارہ مرتبہ پڑھیں﴾

☆ ۔بعدازاں سحری تناول فرمائیں۔اوراللہ تعالیٰ کی نعمتوں کاشکر کریں۔

26،رمضان المبارک

☆ ۔درودِپاک اورآیۃ الکریمہ کاورد کریں۔نمازِفجرادافرمائیں۔

☆ ۔سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم﴿سومرتبہ﴾

☆ ۔نوافل اشراق اورنوافل چاشت ادافرمائیں۔بعدازاں آرام کریں۔

☆ ۔**خصوصی نوافل دن** ﴿ہفتہ﴾چاررکعت ہیں۔ ہررکعت میں سورہ فاتحہ کے بعدسورہ الکافرون تین باراوربعدازسلام ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں۔

☆ ۔**نوافل زوال** ادافرمائیں۔نیز**نوافل مغفرت** ۔﴿دورکعت﴾پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعدتین بارسورہ الکافرون،اوردوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعددس بارسورہ اخلاص تین بارپڑھیں۔

☆ ۔ادائیگی نمازِظہر۔☆ ۔اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّار کاحسب حال ورد کریں۔

☆ ۔ادائیگی نمازِ عصر۔ بعدازاں یَاسَتَّارُ یَاغَفَّارُ ...... اور درودِ پاک کا ورد فرمائیں۔

☆ ۔تلاوت کلام پاک۔ سورہ اخلاص، سورہ فلق اور سورہ الناس دس، دس بار پڑھیں۔

☆ ۔افطاری کریں۔ نمازِ مغرب کی ادائیگی کریں۔ بعدازاں نوافل اوابین ادا کریں۔

☆ ۔سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم ﴿سومرتبہ﴾

☆ ۔اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ کا ورد حسب وقت کریں۔

☆ ۔**خصوصی نوافل شب** ﴿ہفتہ﴾ بارہ رکعت ہیں۔

﴿ان نوافل کو آپ جس طرح آسانی محسوس کریں ادا فرمائیں﴾

☆ ۔مدنی کریم آقا ﷺ کا تصور کر کے درودِ پاک کا ورد کریں۔

☆ ۔ادائیگی نمازِ عشاء وتراویح۔ بعدازاں اگر آپکی مسجد میں محفل شبینہ ہے تو اس میں شرکت کریں ورنہ درجِ ذیل عوامل کو بجالائیں۔

☆ ۔تلاوت کلام پاک۔ چوبیسواں پارہ مکمل۔ سورہ قدر اکیس بار پڑھیں۔

☆ ۔سُبْحَانَ اللّٰہِ ﴿سومرتبہ﴾ اَلْحَمْدُلِلّٰہِ ﴿سومرتبہ﴾ اَللّٰہُ اَکْبَر ﴿سومرتبہ﴾

☆ ۔**نوافل شب قدر**۔

☆ ۔**چار رکعت** ۔ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پچیس بار سورہ قدر۔ بعدازاں دُعائے خیر کریں۔

☆ ۔**چار رکعت** ۔ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک بار سورہ قدر اور ستائیس بار سورہ اخلاص کی تلاوت کریں۔

☆ ۔**دو رکعت**۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک بار سورہ قدر اور تین بار سورہ اخلاص کی تلاوت کریں۔

☆ ۔**چار رکعت**۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین بار سورہ قدر اور پچاس بار سورہ اخلاص کی تلاوت کریں اور سجدے میں ایک بار تیسرا کلمہ پڑھکر بعد از سلام آپ جو دُعا مانگیں گے وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ضرور قبول ہو گی۔

☆ ۔**دو رکعت**۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص **7,7** بار اور سلام کے بعد **70** مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ پڑھیں۔

☆ ۔**دو رکعت**۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الم نشرح ایک بار اور سورہ اخلاص تین، تین بار پڑھیں اور بعد از سلام سورہ قدر ستائیس مرتبہ پڑھیں۔

☆ ۔**وظائف شب قدر**۔

☆ ۔سورہ قدر کی تلاوت سات مرتبہ کریں۔ ☆ ۔لَا اِلٰہَ اِلا اللّٰہُ ﴿کم از کم تین مرتبہ﴾

☆ ۔قرآن پاک کی حٰمٓ سے شروع ہونے والی سورتوں کی تلاوت کریں۔

☆ ۔تلاوت کلام پاک ۔پچیسواں پارہ مکمل۔

☆ ۔یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ ......یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ،یَاسَتَّارُ یَاغَفَّار ......یَارَحِیْمُ یَا کَرِیْم کا ورد کریں۔

☆ ۔آرام کریں۔آخر شب بیدار ہو کر نوافل تہجد کی ادائیگی فرمائیں۔

☆ ۔اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّار کا حسب حال ورد کریں۔نیز توبہ استغفار کریں۔

☆ ۔درودِ پاک کا بکثرت ورد فرمائیں۔اور دارین کی سعادتیں حاصل کریں۔

☆ ۔لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْقَآئِمُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ

﴿آسمان کی طرف نظر اُٹھا کر بارہ مرتبہ پڑھیں﴾

☆ ۔بعد ازاں سحری تناول فرمائیں۔اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر کریں۔

27، رمضان المبارک

☆۔ادائیگی نمازِ فجر۔تلاوت کلام پاک سورہ اخلاص، سورہ فلق، سورہ الناس تین، تین بار۔

☆۔اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّار کا حسب حال ورد کریں۔نیز توبہ استغفار کریں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔چھبیسواں پارہ مکمل۔

☆۔سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم ﴿سومرتبہ﴾

☆۔نوافل اشراق اور نوافل چاشت ادا فرمائیں۔بعدازاں آرام کریں۔

☆۔تلاوت کلام پاک سورہ النسآء اور سورہ النور ایک ایک بار۔

☆۔**خصوصی نوافل دن** ﴿اتوار﴾ چار رکعت نمازِ نفل۔ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک بار "**امن الرسول**" (سورہ بقر کی آخری دو آیات) پڑھیں۔﴿**غنیۃُ الطالبین**﴾

☆۔**نوافل زوال** چار رکعت ادا فرمائیں۔اب کچھ دیر آرام کریں۔

☆۔ادائیگی نمازِ ظہر۔تلاوت کلام پاک۔ستائیسواں پارہ مکمل۔

☆۔اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّار کا حسب حال ورد کریں۔نیز توبہ استغفار کریں۔

☆۔درودِ پاک اور کلمہ طیبہ کا ورد کریں۔

☆۔ادائیگی نمازِ عصر۔بعدازاں یَاسَتَّارُ یَاغَفَّارُ ......اور درودِ پاک کا ورد فرمائیں۔بعدازاں تلاوت کلام پاک۔سورہ اخلاص، سورہ فلق، سورہ الناس دس، دس مرتبہ اور سورہ حشر کی آخری تین آیات ایک مرتبہ پڑھیں۔پھر توبہ استغفار کریں۔

☆۔افطاری کریں۔نمازِ مغرب کی ادائیگی کریں۔بعدازاں نوافل اوابین ادا کریں۔

☆۔مدنی کریم آقا ﷺ کے سبز گنبد کا تصور کر کے درودِ پاک کا ورد کریں۔پھر نہایت عاجزی و

انکساری کا اظہار کرتے ہوئے توبہ استغفار کریں۔

☆۔اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ کا ورد حسب وقت کریں۔

☆۔ادائیگی نمازِ عشاء وتراویح۔بعد ازاں اگر آپکی مسجد میں محفل شبینہ ہے تو اس میں شرکت کریں ورنہ درجِ ذیل عوامل کو بجالائیں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔اٹھائیسواں پارہ مکمل۔سورہ دخان،سورہ رحمٰن،سورہ واقعہ،سورہ ملک ایک،ایک بار پڑھیں۔

☆۔**خصوصی نوافل شب** ﴿اتوار﴾ بیس رکعت نماز نفل ہیں۔ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پچاس مرتبہ اور سورہ فلق اور سورہ الناس ایک ایک بار اور بعد از سلام اپنے لئے اِسْتِغْفَار سو مرتبہ،اپنے والدین کیلئے اِسْتِغْفَار سو مرتبہ اور مدنی کریم آقا ﷺ پر سو بار درود پاک پڑھیں۔بعد ازاں لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِاللّٰہ پڑھے۔پھر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی جانب متوجہ ہو کر اس بات کا اقرار کرے کہ "میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے بغیر کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت آدم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے صفی اور فطرت ہیں۔حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ کے خلیل اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ کے کلیم،حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی روح اور محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے حبیب ہیں۔آخر میں دُعا کریں۔

☆۔آرام کریں۔آخر شب بیدار ہو کر نوافل تہجد کی ادائیگی فرمائیں۔

☆۔اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّار کا حسب حال ورد کریں۔نیز توبہ استغفار کریں۔

☆۔لَااِلٰہَ اِلَّاھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْقَآئِمُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ

﴿آسمان کی طرف نظر اُٹھا کر بارہ مرتبہ پڑھیں﴾

☆۔درودِ پاک کا بکثرت ورد فرمائیں۔اور دارین کی سعادتیں حاصل کریں۔

☆۔سحری تناول فرمائیں۔اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر کریں۔

28،رمضان المبارک

☆۔نمازِ فجر ادا فرمائیں۔پھر سورہ حشر کی آخری تین آیات تین تین بار،سورہ فاتحہ اکیس بار اور سورہ بقرہ کی آخری دس آیات دس بار ﴿زبانی یا قرآن پاک سے دیکھ کر﴾ پڑھیں۔

☆۔سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْم ﴿سومرتبہ﴾

☆۔نوافل اشراق اور نوافل چاشت ادا فرمائیں۔بعد ازاں آرام کریں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔انتیسواں پارہ مکمل اور ذکر الٰہی و درود پاک کی کثرت کریں۔

☆۔**خصوصی نوافل دن** ﴿پیر﴾ دو رکعت نفل۔ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی سورہ اخلاص،سورہ فلق اور سورہ الناس ایک،ایک بار پڑھیں۔بعد از سلام۔۔۔۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ (دس بار) اور درود پاک دس بار پڑھ کر دُعا مانگیں۔پھر آرام کریں۔

☆۔**نوافل زوال**۔چار رکعت ادا فرمائیں۔

☆۔ادائیگی نمازِ ظہر۔تلاوت کلام پاک۔اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّار کا حسب حال ورد کریں نیز توبہ استغفار کریں۔

☆۔اپنے رب اور مدنی کریم آقا ﷺ کی خصوصی نوازشات سمیٹنے کیلئے درودِ پاک اور کلمہ طیبہ کا ورد کریں۔

☆۔ادائیگی نمازِ عصر۔اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ ﴿سومرتبہ﴾ اور درودِ پاک کا ورد فرمائیں۔بعد ازاں تلاوت کلام پاک۔سورہ مریم ایک بار،سورہ رحمٰن اور سورہ حشر کی آخری تین آیات تین مرتبہ پڑھیں اور پھر توبہ استغفار کریں۔

☆۔افطاری کریں۔نمازِ مغرب کی ادائیگی کریں۔بعدازاں نوافل اوابین ادا کریں۔

☆۔یَاحَیُّ یَاقَیُّومُ بِرَحۡمَتِکَ اَسۡتَغِیۡثُ ﴿سومرتبہ﴾اورآیۃ الکریمہ کاورد کریں۔

☆۔اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌ تُحِبُّ الۡعَفۡوَ فَاعۡفُ عَنِّیۡ کاورد حسب وقت کریں۔

☆۔ادائیگی نمازِ عشاء وتر اوتح۔بعدازاں اگر آپکی مسجد میں محفل شبینہ ہے تو اس میں شرکت کریں ورنہ درجِ ذیل عوامل کو بجالائیں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔سورہ النسآء،سورہ یوسف اور سورہ کہف کی تلاوت ایک ایک بار اور سورہ تکاثر کی **11** مرتبہ کریں۔

☆۔**خصوصی نوافل شب** ﴿پیر﴾چار رکعت۔پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص دس بار،دوسری رکعت میں بیس بار،تیسری میں تیس بار اور چوتھی رکعت میں چالیس بار پڑھیں۔بعدازسلام **75** مرتبہ سورہ اخلاص، اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہ (**75** مرتبہ)اور (**75** مرتبہ) پیارے مدنی کریم آقاصلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ مین ہدیہ درودوسلام پیش کریں۔

☆۔اَللّٰھُمَّ اَجِرۡنِیۡ مِنَ النَّار کا حسب حال ورد کریں۔نیز توبہ استغفار کریں۔

☆۔آرام کریں۔آخرشب بیدار ہو کر نوافل تہجد کی ادائیگی فرمائیں۔

☆۔درودِ پاک کا بکثرت ورد فرمائیں۔اور دارین کی سعادتیں حاصل کریں۔

☆۔لَااِلٰہَ اِلَّاھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّومُ الۡقَآئِمُ عَلٰی کُلِّ نَفۡسٍ بِمَا کَسَبَتۡ

﴿آسمان کی طرف نظر اُٹھا کر بارہ مرتبہ پڑھیں﴾

☆۔بعدازاں سحری تناول فرمائیں۔اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر کریں۔

29،رمضان المبارک

☆۔ذکرالٰہی اورتوبہ استغفار کریں۔

☆۔سُبْحَانَ اللّٰه وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْم﴿سومرتبہ﴾

☆۔نمازِ فجر ادا فرمائیں۔پھر سورہ حشر کی آخری تین آیات تین تین بار،سورہ فاتحہ اکیس بار پڑھیں۔آیۃ کریمہ اوردرود پاک کی کثرت کریں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔آخری دس سورتوں کی تلاوت کریں۔

☆۔نوافل اشراق اورنوافل چاشت ادافرمائیں۔بعدازاں آرام کریں۔

☆۔**خصوصی نوافل دن** ﴿منگل۔زوال سے قبل﴾دس رکعت نفل۔ہررکعت میں سورہ فاتحہ کے بعدآیۃ الکرسی ایک باراورسورہ اخلاص تین بار پڑھیں اور پھرآرام کریں۔

☆۔**نوافل زوال**۔چاررکعت اداکریں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔تیسویں پارہ کی تلاوت کریں۔﴿ماشآءاللہ تعالیٰ آج آپکاایک کلام پاک (اعتکاف میں)مکمل ہوگیاہے۔ساتھ ہی اسے دوبارہ شروع کرلیں تاکہ یہ سلسلہ بعدمیں بھی جاری وساری رہے﴾

☆۔اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِىْ مِنَ النَّار کاحسب حال وردکریں۔نیز توبہ استغفار کریں۔

☆۔جَزَى اللّٰهُ عَنَّاسَيِّدَنَامُحَمَّدًامَاهُوَاَهْلُه﴿سومرتبہ﴾

☆۔ادائیگی نمازِظہر۔تلاوت کلام پاک۔☆۔اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِىْ مِنَ النَّار کاحسب حال ورد کریں ۔نیزتوبہ استغفارکریں۔

☆۔تلاوت کلام پاک۔سورہ آل عمران مکمل،سورہ جمعہ،سورہ نوح،سورہ شمس اورسورہ ضحیٰ کی تلاوت ایک ایک بارکریں۔

☆ ۔درودِ پاک کا گلدستہ بارگاہِ نبوی ﷺ میں پیش کریں۔

☆ ۔یَاحَیُّ یَاقَیُّومُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ﴿سو مرتبہ﴾ اور آیۃ الکریمہ کا ورد کریں۔

☆ ۔یَارَحِیْمُ یَاکَرِیْمُ ﴿سو مرتبہ﴾ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ

☆ ۔نمازِ عصر ادا کریں۔ پھر تلاوت کلام پاک۔سورہ یٰسین ایک بار، سورہ حشر کی آخری تین آیات تین بار اور سورہ عم یتسآءلون ایک بار پڑھیں۔

☆ ۔افطاری کریں۔نمازِ مغرب کی ادائیگی کریں۔ بعد ازاں نوافل اوابین ادا کریں۔

☆ ۔اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ کا ورد حسب وقت کریں۔

☆ ۔ذکر الٰہی اور توبہ استغفار کریں۔

گزارش

عیدالفطر کا چاند نظر آنے کی صورت میں دو رکعت نفل شکرانہ ادا کریں اور اس کے بعد ملک وملت کی ترقی و بقاء، عالم اسلام اور اپنے عزیز واقارب اور دوست احباب کیلئے خصوصی دُعاؤں کے ساتھ ساتھ اس بات کا عہد کرتے ہوئے کہ جس طرح ہم نے ایام اعتکاف میں اللہ تعالیٰ کے پاک گھر ﴿مسجد﴾ سے محبت کی ہے۔اور اسے دن رات اللہ تعالیٰ کے ذکر اور اسکی یاد سے آباد رکھا ہے۔اسی محبت کو قائم اور دائم رکھنے کیلئے آج سے ہی ہم روزانہ دن میں پانچ مرتبہ پابندی کے ساتھ ادائیگی نماز کیلئے مسجد میں آئیں گے۔اللہ تعالیٰ ہمیں اس عہد کی پابندی کرنے کی توفیق عطا فرمائے ﴿آمین ثم آمین﴾ مسجد سے رخصت ہوں۔اور اگر چاند نظر نہیں آتا بجائے پریشان ہونے کے پروردگار عالم کا شکر بجالائیں کہ اس نے آپ کو دوران اعتکاف اپنی غلطیوں، کوتاہیوں اور خامیوں کی معافی مانگنے کا ایک سنہری موقع عطا کیا ہے۔اس کو

غنیمت جانتے ہوئے اپنے مالک حقیقی کو منانے کی بھرپور کوشش کریں۔ یقیناً وہ ستار وغفار ہماری غلطیوں، کوتاہیوں اور خامیوں کو معاف کرتے ہوئے ہم سب کو اپنے دامن رحمت میں لے لے گا۔ کیونکہ وہی تو ہے!!!

جو بڑا مہربان اور نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

29، رمضان المبارک

☆۔ ادائیگی نمازِ عشاء وتراویح۔ بعدازاں درجِ ذیل سورتوں کی تلاوت کریں۔

سورہ یوسف، سورہ بنی اسرائیل، سورہ طٰہٰ، سورہ واقعہ، سورہ رحمٰن، سورہ ملک۔

☆۔ **خصوصی نوافل شب** ﴿منگل﴾ دورکعت نفل۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص، سورہ فلق اور سورہ الناس **15**، **15** بار پڑھیں۔ بعد ازسلام **15** بار آیۃ الکرسی اور **15** بار درود پاک پڑھیں۔ دُعائے خصوصی کریں۔

☆۔ ذکر الٰہی اور توبہ استغفار بکثرت کریں۔ اپنے گناہوں پر نادم ہو کر اللہ تعالیٰ کی شان کریمی پر نظر کریں۔ اور اپنے خالق و مالک سے معافی کے طلبگار ہو کر دُعا کریں۔ اب آپ چاہیں تو آرام کریں اور چاہیں تو اپنے مزاج اور ہمت کے مطابق ذکر واذکار کریں۔ تلاوت کلام پاک کریں یا اپنے مدنی کریم آقا ﷺ کی نظر کرم اور حصول شفاعت کیلئے بکثرت ہدیہ درود وسلام پیش کریں۔

☆۔ سورہ یونس، سورہ ابراہیم، سورہ یٰسین، سورہ رحمٰن، سورہ ملک کی تلاوت کریں۔

☆۔ لَااِلٰہَ اِلَّاھُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الْقَآئِمُ عَلٰی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ

﴿آسمان کی طرف نظر اُٹھا کر بارہ مرتبہ پڑھیں﴾

☆۔سحری تناول کریں اور اللہ تعالیٰ کا شکر بجالائیں۔دُعائے خیر و برکت کریں۔

30، رمضان المبارک

☆۔اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّار۔۔اور۔۔یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ﴿سو،سوبار﴾

☆۔ادائیگی نمازِ فجر۔پھر سورہ حشر کی آخری تین آیات تین تین بار،سورہ فاتحہ اکیس بار پڑھیں۔آیۃ کریمہ اور درود پاک کی کثرت کریں،تیسرا کلمہ ﴿سوبار﴾

☆۔نوافل اشراق و چاشت ادا کریں۔اسکے بعد سورہ ہود،سورہ مریم اور سورہ ابراہیم کی تلاوت کریں۔

☆۔**خصوصی نوافل دن** ﴿بدھ۔چاشت کے فوراً بعد﴾ بارہ رکعت نفل ہیں۔ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد کے آیۃ الکرسی ایک بار،سورہ اخلاص،سورہ فلق اور سورہ الناس تین تین بار پڑھیں۔آخر میں دُعا کریں۔اور پھر اور پھر آرام کریں۔

☆۔**نوافل زوال** چار رکعت ادا فرمائیں۔

☆۔ادائیگی نمازِ ظہر۔تلاوت کلام پاک۔سورہ نوح،سورہ جن،سورہ کوّرت اور سورہ لیل۔

☆۔ذکر الٰہی اور توبہ استغفار کریں۔اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ

☆۔افطاری کریں۔نمازِ مغرب کی ادائیگی کریں۔بعد ازاں نوافل اوابین ادا کریں۔

☆۔اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ کا ورد حسب وقت کریں۔

☆۔ذکر الٰہی اور توبہ استغفار کریں۔اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ

☆۔پیارے مدنی کریم آقا ﷺ کی بارگاہ میں ہدیہ درود سلام پیش کریں۔اور بعد ازاں آپ سرکارِ مدینہ ﷺ کی بارگاہ میں دیگر شعرائے کرام کے ساتھ ساتھ خاکسار کا نعتیہ کلام پیش کریں۔

آمدِ شاہِ لولاک صلی اللہ علیہ وسلم

مرحبا! مرحبا! آ گئے نورِ خدا جن کے آنے سے ہر طرف روشنی ہوگئی
روشنی ہوگئی، روشنی ہوگئی، چاندنی ہوگئی، چاندنی ہوگئی
محفل نعت میں آیا جایا کرو، آ کے دکھڑے نبی کو سنایا کرو
محفل نعت ہے جس جا سجی، اس جا پہ ملائک کی حاضری ہوگئی
جب چھڑا تذکرہ آمد سرکار کا، ہر طرف شور صلی علیٰ ہوگیا
فرش پہ بھی محفل نعت سجی، عرش پر بھی میلادِ نبی ہوگئی
جب گود میں آمنہ کی نورِ خدا آ گیا، اس گھڑی آپ نے یوں ہے کہا
میری قسمت پہ خدائی رشک کرنے لگی، گود میری ہری بھری ہوگئی
جب آئے دنیا میں شاہِ دنیا و دیں، یہ معجزہ ہے دیکھا اس زمیں
وہ جو مسجودِ جہاں ہے کعبہ، اسکی سجدہ گاہ بیت نبی ہوگئی
زلفِ والیل اذا یغشی چہرہ والضحیٰ اللہ! اللہ!
چھا گئی زلف جب رات ہوگئی، جب چہرہ کھل گیا چاندنی ہوگئی
ہے قسمت پہ نجمؔ کی خدائی فدا، آپ نے ہے بنایا اپنے در کا گدا
ہے مقدر کا اپنے تارا چمکا، جب سے حاصل تیرے در کی چاکری ہوگئی

سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کا تلوادیکھا

ہم نے جگ میں نہ کبھی ادھر ادھر دیکھا
جب پڑی مشکل تو جانب طیبہ دیکھا

ہوگئے قدموں پہ نثار سبھی دُشمنِ جان
جب انہوں نے سرکار ﷺ کا رُخ زیبا دیکھا

جہاں پر بھی ہے سجی محفل میلادُ النبی ﷺ
وہیں ابر جودو عطا کا بہتا دریا دیکھا

آگے بڑھنے کی نہ تھی طاقت سدریٰ کے مکیں میں
اس جا سے آگے سرکار ﷺ کا تلوادیکھا

آگئی جوش میں اس وقت محبوبِ خدا کی ذات
بحرِ ظلمات میں، جب ڈوبا میرا سفینہ دیکھا

کوہِ طور پہ ہوگئے کلیم اللہ علیہ السلام بے ہوش
عرش سے پار حبیب اللہ ﷺ نے جلوادیکھا

نکیرین سرپٹ بھاگے مرقدِ نجمؔ سے
جلوافرما! جو لحد میں شاہِ مدینہ ﷺ دیکھا

نسبتِ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہم نے درِ آقا ﷺ پہ خود کو مٹادیا
میرے لجپال نے میرا بخت جگا دیا

یہ تو کرم ہے میرے خدا کا مجھ پر
مجھ کو گدائے کوئے حبیب ﷺ بنا دیا

کیا کرم آقا ﷺ نے یوں مجھ خطا کار پر
میری بھٹکتی روح کو سیدھا رستہ دیکھا دیا

آئے جو میری لحد میں نکیرین کرنے کو سوال
میں نے تو ان کو بھی ذکر مدینہ سنادیا

جب بھی مانگا میں نے کبھی درِ آقا ﷺ سے
مجھ کو تو آقا ﷺ نے میری طلب سے سوا دیا

ذکر خدا کرو! گر سکوں کی ہے طلب
یہ پیغامِ خدا، نبی نے جہاں کو سنادیا

ہے نجمؔ بھی گدائے کوئے شہر حبیب ﷺ
اس نسبت نے ہے مجھ کو کیا سے کیا بنادیا

سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کا تلوا دیکھا

ہم نے جگ میں نہ کبھی ادھر ادھر دیکھا
جب پڑی مشکل تو جانب طیبہ دیکھا

ہوگئے قدموں پہ نثار سبھی دُشمن ِ جان
جب انہوں نے سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کا رُخ زیبا دیکھا

جہاں پر بھی ہے سجی محفل میلادُ النبی صلی اللہ علیہ وسلم
وہیں ابر جودو عطا کا بہتا دریا دیکھا

آگے بڑھنے کی نہ تھی طاقت سدرئ کے مکیں میں
اس جا سے آگے سرکار صلی اللہ علیہ وسلم کا تلوا دیکھا

آگئی جوش میں اس وقت محبوبِ خدا کی ذات
بحرِ ظلمات میں، جب ڈوبا میرا سفینہ دیکھا

کوہِ طور پہ ہوگئے **کلیم اللہ** علیہ السلام بے ہوش
عرش سے پار **حبیب اللہ** صلی اللہ علیہ وسلم نے جلوا دیکھا

نکیرین سرپٹ بھاگے مرقدِ نجمؔ سے
جلوا فرما! جو لحد میں **شاہِ مدینہ** صلی اللہ علیہ وسلم دیکھا

نسبتِ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہم نے درِ آقا صلی اللہ علیہ وسلم پہ خود کو مٹادیا

میرے لجپال نے میرا بخت جگا دیا

یہ تو کرم ہے میرے خدا کا مجھ پر

مجھ کو گدائے کوئے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم بنا دیا

کیا کرم آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں مجھ خطاکار پر

میری بھٹکتی روح کو سیدھا رستہ دیکھا دیا

آئے جو میری لحد میں نکیرین کرنے کو سوال

میں نے تو ان کو بھی ذکر مدینہ سنادیا

جب بھی مانگا میں نے کبھی درِ آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے

مجھ کو تو آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے میری طلب سے سوادیا

ذکر خدا کرو! گر سکوں کی ہے طلب

یہ پیغامِ خدا، نبی نے جہاں کو سنادیا

ہے نجمؔ بھی گدائے کوئے شہر حبیب صلی اللہ علیہ وسلم

اس نسبت نے ہے مجھ کو کیا سے کیا بنادیا

حرف آخر

ماہ رمضان المبارک کے تیس روزے اور اپنا اعتکاف مکمل ہونے پر بارگاہ رب العالمین میں سجدہ شکر بجالائیں۔ اور اس کے بعد ملک وملت کی ترقی و بقاء، عالم اسلام اور اپنے عزیز و اقارب اور دوست احباب کیلئے خصوصی دُعا کر کے مسجد سے رخصت ہوں۔

بحمدِللہ اب آپکا اعتکاف مکمل ہو چکا ہے۔ میری یہ دُعا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ آپکا یہ اعتکاف اپنی بارگاہِ عالی میں قبول فرمائے اور اس پر ثابت قدم رہتے ہوئے باقی ماندہ زندگی میں بھی اعمال صالحہ کی توفیق عطا فرمائے۔ ﴿امین ثم امین﴾

طالب دُعا صاحبزادہ الحافظ القاری غلام محی الدین نجم سیالوی

وجملہ معاونین

﴿برائے ایصال و ثواب﴾

☆۔جناب استاذُالقراء جناب قاری محمد فضل الدین سیالویؒ

﴿بانی مسجدومدرسہ هذا﴾

☆۔جناب حاجی محمد بشیر (مرحوم)

(والد گرامی محمد احسن بشیر وینزیا کاسمیٹکس بنانے والے)

فون:7466050

حرف آخر

ماہ رمضان المبارک کے تیس روزے اور اپنا اعتکاف مکمل ہونے پر بارگاہ رب العالمین میں سجدہ شکر بجالائیں۔اور اس کے بعد ملک وملت کی ترقی و بقاء، عالم اسلام اور اپنے عزیز و اقارب اور دوست احباب کیلئے خصوصی دُعا کر کے مسجد سے رخصت ہوں۔

بحمدللہ اب آپکا اعتکاف مکمل ہو چکا ہے۔میری یہ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپکا یہ اعتکاف اپنی بارگاہِ عالی میں قبول فرمائے اور اس پر ثابت قدم رہتے ہوئے باقی ماندہ زندگی میں بھی اعمال صالحہ کی توفیق عطا فرمائے۔﴿امین ثم امین﴾

طالب دُعا صاحبزادہ الحافظ القاری غلام محی الدین نجم سیالوی

وجملہ معاونین

﴿برائے ایصال و ثواب﴾

☆۔جناب استاذ القراء جناب قاری محمد فضل الدین سیالوی

﴿بانی مسجد و مدرسہ ھذا﴾

☆۔جناب حاجی محمد بشیر (مرحوم)

(والد گرامی محمد احسن بشیر وینزیا کاسمیٹکس بنانے والے)

فون: [illegible]